## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملک بھر میں قائم کئے گئے ریلیف کیمپوں پر طلباء وطالبات نے عطیات جمع کرائے

## سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں قابل تحسین ہیں، امدادی سامان جمع کرانے والے طلبہ کے تاثرات

## رابطہ کمیٹی کے ارکان کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ کا تفصیلی دورہ، امدای سامان کنٹینر کے ذریعے کشمور روانہ کئے

## رکن رابطہ کمیٹی رضا ہارون نے کراچی کے علاقے رزاق آباد میں عارضی قائم خیمہ بستیوں کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

سیلاب زدگان کی امداد کے جذبے کے پیش نظر کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں قائم کئے گئے مرکزی امدادی کیمپ پر لیاقت کالج آف مینجمنٹ سائنس کے طلباء وطالبات نے سیلاب کے متاثرین کیلئے امدادی کیمپ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر امدادی اشیاء اور اپنی پاکٹ منی سے عطیات کیلئے نقد رقوم جمع کرائیں جنہیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل نے شکریہ کے ساتھ وصول کیا اور امدادی سامان اور نقد عطیات جمع کرانے والوں کے جذبے کو سراہا۔ ایم کیوایم کے تحت قائم کئے گئے امدادی کیمپ میں متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کو دیکھ کر طلباء وطالبات نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے کی جانیوالی سرگرمیاں قابل تحسین ہیں۔ رکن رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل نے انہیں بتایا کہ ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں حیدرآباد، سکھر سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اس سلسلے میں اب تک کروڑوں روپے مالیت کے امدادی سامان و دیگر غذائی اجناس دال، چاول، آٹا، چینی، بسکیٹ، خشک دودھ سے لدے ٹرک اور کنٹینرز متاثرین سیلاب کیلئے روانہ کئے جاچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک فلاحی تنظیم ہے جس کے کارکنان مصیبت زدہ عوام کی عملی خدمت کیلئے مصروف رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی آزاد کشمیر اور صوبہ خیبر پختونخواہ میں آنے والے زلزلے، تھر اور بلوچستان میں قحط سالی کے دوران ایم کیوایم کی فلاحی سرگرمیوں نے ثابت کردیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اس کی سیاست کا مقصد بھی سیاست برائے خدمت ہی ہے۔ علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق میر، گلفراز خان خٹک اور شعیب بخاری نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں قائم کئے گئے مرکزی امدادی کیمپ کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں پر جاری امداری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی کاموں میں مصروف کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ بعد ازاں رکن رابطہ کمیٹی شعیب بخاری اور گلفراز خان خٹک نے حیدرآباد، سکھر، کشمور اور سندھ کے دیگر اضلاع میں متاثرین کی امداد کیلئے اشیاء خورد ونوش و دیگر سامان کنٹینر کے ذریعے روانہ کئے۔ دریں اثناء رکن رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون نے کراچی بن قاسم کے علاقے رزاق آباد میں قائم عارضی خیمہ بستیوں کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے اندرون سندھ سے آئے ہوئے سیلاب زدہ افراد سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے ان سے اظہارِ ہمدردی کی، ان کی مشکلات کو بغور سنا اور انکے حل کیلئے اپنی ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## کراچی سمیت ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے قائم ریلیف کیمپوں پر عوام ومخیّر حضرات کی جانب سے امدادی سامان اور عطیات جمع کرائے جانے کا سلسلہ جاری ہے

## ہزاروں کارکنان ورضا کار ریلیف کیمپوں میں امدادی سامان کی وصولی، پیکنگ اور روانگی کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر عوام اور مخیّر حضرات کی جانب ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ملک بھر میں قائم کئے گئے ریلیف کیمپوں پر امدادی سامان اور عطیات دل کھول کر جمع کرائے جارہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق عوام، تاجروں، مخیّر حضرات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایس ٹی 7 بلاک 14 کراچی میں واقع خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے قائم کئے گئے مرکزی امدادی کیمپ پر پہنچ کر عوام، تاجروں، مخیّر حضرات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے امدادی سامان اور عطیات جمع کرائے جانے کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث خدمت خلق فاؤنڈیشن میں زبردست امدادی سرگرمیاں دکھائی دے رہی ہے۔ مرکزی امدادی کیمپ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور منتخب عوامی نمائندوں نے امدادی سامان اور عطیات وصول کئے جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں سینکڑوں رضا کار اور کارکنان امدادی سامان کی پیکنگ اور انہیں سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے ٹرکوں اور کنٹینر میں بھر کر متاثرہ علاقوں کیلئے بھیج رہے ہیں۔ کراچی کی طرح حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نواب شاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہ یار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹھہ، نوشہروفیروز، بدین، لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو، قمبر شہداد کوٹ، کشمور، جیکب آباد کے علاوہ صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے تحت سیلاب زدگان کیلئے قائم کئے گئے ریلیف کیمپوں پر عوام اور مخیّر حضرات

کی بڑی تعداد نے رابطہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بھرپور اور عملی تعاون کیا۔ ملک بھر میں قائم کئے گئے ریلیف کیمپوں پر ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار ہزاروں کی تعداد میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں اور متاثرین سیلاب کیلئے امدادی سامان کی وصولی اور انہیں متاثرین سیلاب تک پہنچانے کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ ریلیف کیمپوں پر امدادی سامان اور عطیات جمع کرانے والے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں قدرتی آفات ہوں یا جمہوریت کی مضبوطی اور استحکام کا مسئلہ ہو متحدہ قومی موومنٹ کا عمل و کردار وطن سے محبت، پیار اور خلوص کو ہی ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست میں خدمت کو اگر کسی نے عملی طور پر اپنا یا ہے تو وہ شخصیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے ملک بھر میں سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیاں انجام دینے پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور کارکنوں کے جذبے کی تعریف کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فلاحی کاموں میں مزید وسعت فرمائے۔

## بلوچستان کے قائم مقام انچارج مجیب السلام رودینی کے چھوٹے بھائی کے قتل پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان کے قائم مقام انچارج مجیب السلام رودھنی کے چھوٹے بھائی زوہیب السلام رودہنی کے قتل پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ور کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## رابطہ کمیٹی کی زوہیب السلام رودینی کی شہادت پر سخت الفاظ میں مذمت

## واقعہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلوچستان کے قائم مقام انچارج مجیب السلام رودینی کے چھوٹے بھائی زوہیب السلام رودھنی کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک ہفتے قبل دہشت گردوں نے ایم کیوایم بلوچستان کے قائم مقام انچارج مجیب السلام کے چھوٹے بھائی کو اغواء کیا تھا جسکے بعد آج ان کی لاش برآمد ہوئی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر پاکستان محترم آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی اور بلوچستان کے وزیراعلیٰ اسلم رئیسانی سے مطالبہ کیا کہ زوہیب السلام رودھنی کے قتل کے واقعہ کا فوری نوٹس لیں اور واقعہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔ انہوں نے زوہیب السلام رودھنی شہید کے بڑے بھائی مجیب السلام رودھنی سمیت شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ (آمین)

## ہالا میں کوچ اور وین کے تصادم میں ایم کیوایم سانگھڑ زون کے سابق یونٹ کمیٹی کے رکن ایاز سیال، ان کی صاحبزادی، ساس، ماموں زاد بہن سمیت کزن کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہالا کے مقام پر کوچ اور وین کے ہولناک تصادم میں ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ 1/B کی سابق یونٹ کمیٹی کے رکن ایاز سیال، ان کی صاحبزادی، ساس، ماموں زاد بہن سمیت ایک کزن کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم سانگھڑ زون کی یونٹ کمیٹی کے سابق رکن ایاز سیال، ان کی صاحبزادی، ساس، ماموں زاد بہن اور ایک کزن ہالا کے مقام پر وین اور کوچ کے تصادم میں جاں بحق ہوگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سانگھڑ زون یونٹ 1/B کی سابق یونٹ کمیٹی کے رکن ایاز سیال، ان کی صاحبزادی، ساس، ماموں زاد بہن اور ایک کزن ہالا کے مقام پر وین اور کوچ کے ہولناک تصادم میں جاں بحق ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق ایاز سیال مرحوم اوران کے عزیز واقارب کچھ عرصہ قبل روزگار کے حصول کے لئے سانگھڑ سے جیکب آباد شفٹ ہوگئے تھے اور جیکب آباد میں سیلاب آجانے کے باعث وہ نقل مکانی کرکے کوچ میں اپنی رہائشگاہ واقع سانگھڑ جارہے تھے کہ ہالا کے مقام پر ان کی کوچ ایک وین سے ٹکرا گی جس کے نتیجے میں ایاز سیال، ان کی صاحبزادی، ساس، ماموں زاد بہن اور ایک کزن موقع جاں بحق ہوگئے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کوچ اور وین کے ہولناک تصادم میں ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ 1/B کی سابق یونٹ کمیٹی کے رکن ایاز سیال اوران کے عزیز واقارب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## امریکا میں متعین پاکستانی سفیر حسین حقانی کی والدہ محترمہ سعیدہ سلیم حقانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے امریکا میں متعین پاکستانی سفیر حسین حقانی کی والدہ محترمہ سعیدہ سلیم حقانی کے انتقال پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ سعیدہ سلیم حقانی کے صاحبزادے حسین حقانی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## رمضان المبارک میں کے ای ایس سی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کرائی جائے، رابطہ کمیٹی
## شہر کے مختلف علاقوں میں 70 سے زائد PMTs خراب ہیں، متعدد علاقوں میں تار ٹوٹے ہوئے ہیں
## کے ای ایس سی نئی PMTs کی تبدیلی اور خریداری سے بچنا چارہی ہے جس سے لوڈشیڈنگ بحران شدت اختیار کررہا ہے

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں کے ای ایس سی کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور لوڈشیڈنگ کے باعث روزہ داروں اور نمازیوں کو درپیش شدید مشکلات اور پریشانیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ رمضان المبارک سے قبل کے ای ایس سی کی جانب سے دعویٰ کیا گیا تھا کہ سحر اور افطار میں لوڈشیڈنگ نہیں کی جائے گی لیکن اس کے باوجود شہر کے بعض علاقے ایک ہفتہ سے بجلی سے محروم ہیں جبکہ شہر بھر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال بنادیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے رمضان المبارک میں کے ای ایس سی کی جانب سے سحر اور افطار میں لوڈشیڈنگ نہ کرنے کا دعویٰ جھوٹا ثابت ہوچکا ہے جس سے ادارے کی کارکردگی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں 70 سے زائد PMTs خراب ہیں، متعدد علاقوں میں تار ٹوٹے ہوئے ہیں جس سے قیمتی انسانی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کے ای ایس سی شہر میں خراب PMTs کی تبدیلی سے جان چھڑا رہی ہے اور نئی PMTs کی خریداری سے بچنا چارہی ہے جبکہ PMTs کی تبدیلی سے مختلف علاقوں میں لوڈشیڈنگ کے بحران پر قابو پایا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ رمضان المبارک میں کے ای ایس سی کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کرائی جائے، نئی PMTs خرید کران کی فوری طور پر تنصیب کی جائے اور شہریوں کو بجلی کے عذاب سے فی الفور نجات دلائی جائے۔

## جئے سندھ قومی محاذ (جسقم آریسر) کے مرکزی سیکریٹری جنرل سرمد میرانی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر متحدہ سوشل فورم کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ سوشل فورم کے مرکزی انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین، احمد سلیم صدیقی اور اراکین نے جئے سندھ قومی محاذ (جسقم آریسر) کے مرکزی سیکریٹری جنرل سرمد میرانی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

## سندھی چینل کے ٹی این کے رپورٹر شکیل سومرو کے بہنوئی ارشاد احمد سومرو کے انتقال پر الطاف حسین کا افسوس

لندن۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھی ٹی وی چینل کے ٹی این کے رپورٹر وسینئر صحافی شکیل سومرو کے بہنوئی ارشاد احمد سومرو کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔(آمین)

سندھی صحافی شکیل سومرو سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی کے ٹی این نیوز کے رپورٹر شکیل سومرو سے ان کے بہنوئی ارشاد احمد سومرو کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے ۔

## حکومت پاکستان کے اعلان کردہ 50% فیصد موجودہ بنیادی تنخواہوں کا اطلاق پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے ملازمین پر بھی کیا جائے ، اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ دیگر حکومتی اداروں کی طرح بجٹ 2010ء میں حکومت پاکستان کے اعلان کردہ 50% موجودہ بنیادی تنخواہوں میں اضافے کا اطلاق پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے ملازمین پر بھی کیا جائے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کی انتظامیہ ملازمین کو ابتدائی بنیادی تنخواہ 2008ء پر 50% فیصد تنخواہوں میں اضافے کا غور کررہی ہے جو کہ اس مہنگائی کے دور میں پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے محنت کشوں کے ساتھ سراسر ناانصافی کے مترادف ہے اور حکومت پاکستان کے اعلامیئے کی بھی صریحاً خلاف ورزی ہے ۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ حکومت پاکستان کے اعلان کردہ 50% فیصد موجودہ بنیادی تنخواہوں میں اضافے کا اطلاق پاکستان ٹیلی کمونی کیشن کے ملازمین پر یقینی بنایا جائے اور رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ادارے کے محنت کشوں کو ہر سال کی طرح اس سال بھی بونس کی ادائیگی یقینی بنائی جائے ۔

## جماعت اسلامی کی بغل بچہ تنظیم جمعیت کے غنڈہ عناصر کی جانب سے ڈی جے کالج میں اساتذہ کرام اور کالج انتظامیہ سے زیادتیوں کا فوری نوٹس لیا جائے، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔15 اگست، 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے ڈی جے سائنس گورنمنٹ کالج میں نام نہاد اسلامی جمعیت طلبہ کے غنڈہ عناصر کی جانب سے اساتذہ اکرام و کالج انتظامیہ کے ساتھ ناروا سلوک کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جمعیت کی غنڈہ گردیوں کا فوری نوٹس لے کر اساتذہ و کالج انتظامیہ کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ایک بیان میں مرکزی کابینہ نے کہا ہے کہ اس قبل بھی گزشتہ سال نام نہاد مذہبی جماعت کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلبہ کے غنڈوں نے کالج میں اساتذہ اور کالج انتظامیہ کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا تھا جو کے ریکارڈ پر موجود ہے، انہوں نے کہا کہ اب جبکہ کراچی بھر کے تعلیمی اداروں میں نئے تعلیمی سیشن کا آغاز ہو رہا ہے تو یہ غنڈہ عناصر اپنی سابقہ منفی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے شہر بھر کے مختلف تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور طلباء پر تشدد کرنے جیسی مذموم کاروائیوں کے ذریعے نئے آنے والے طلباء پر اپنی دھاک بٹھانے کی ناکام کوشش کر رہے ہے اور اس ادارے کو نو گو ادارہ بنانا چاہتے ہیں۔مرکزی کابینہ نے کہا کہ گزشتہ دنوں بھی دہشت گرد تنظیم کے غنڈوں نے کراچی کی دو جامعات این ای ڈی اور جامعہ کراچی میں تعلیمی ماحول سبوتاژ کرنے کی کوشش کی تھی۔جس سے روکنے کیلئے کو رینجرز کے جوانوں نے موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پانے کیلئے اقدامات کئے جو کہ لائق تحسین ہے۔انہوں نے کہا کہ اب ڈی جے سائنس کالج واقعہ بھی یہ ثابت کر رہا ہے کہ جمعیت کے دہشت گردوں کی جانب ے شہر کا تعلیمی ماحول خراب کرنے کی سازش کا آغاز ہو گیا۔مرکزی کابینہ نے سندھ بھر کے اساتذہ اور بالخصوص ڈی جے سائنس کالج کی انتظامیہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ خود کو تنہا نہ سمجھیں اے پی ایم ایس او فروغ علم کیلئے کوشاں ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایات کے مطابق ہمیشہ نہ صرف اساتذہ کرام کا احترام کیا ہے بلکہ اساتذہ کے ساتھ ہونے والے ایسے افسوس ناک واقعات کی سخت مذمت بھی کی ہے۔علاوہ ازیں مرکزی کابینہ نے جمعیت کے غنڈہ عناصر کو متنبہ کیا ہے کہ وہ فوری اس طرح کی شرمناک حرکات سے باز آجائیں بصورت دیگر اے پی ایم ایس او اساتذہ کے ہمراہ انکے خلاف سراپا احتجاج ہو گی۔

☆☆☆☆☆